8901 ـ ایسی عوامی جگہوں میں جانا جہاں پر برائیاں پائی جاتی ہوں

سوال

سوال: کیا میں اپنے خاوند اور بچوں کے ساتھ عوامی جگہوں میں جا سکتی ہوں مثلاً: پارک، عجائب گھر، اور نمائش وغیرہ ہم مرد و زن کے اختلاط سے دور بھی رہیں گے اور نماز بھی وقت پر ادا کریں گے، لیکن یہ واضح رہے کہ مجھے ان جگہوں میں اپنا چہرہ کھلا رکھنا ہو گا، اور کیا ہم سمندر کے کنارے سمندر میں نہانے اور تیراکی کرنے کیلیے بچوں کے ساتھ جا سکتے ہیں؟ لیکن ان جگہوں میں بہت زیادہ بے حیائی ، عریانی اور برائیاں ہوتی ہے ، ہم ایسے شخص کو کیا جواب دیں جو یہ کہتا ہے کہ: "ہم اللہ کی مخلوق سے لطف اٹھانے سے روکتے ہو" حالانکہ ایسی جگہوں میں انسان اپنی آنکھوں کو تحفظ نہیں دے سکتا کیونکہ ایسی جگہوں پر بہت زیادہ برائیاں پائی جاتی ہیں۔

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جن جگہوں میں بکثرت برائیاں پائی جاتی ہوں ایسی جگہوں میں جانا جائز نہیں ہے، اور لطف اٹھانے کیلیے اللہ تعالی کی حلال چیزیں ہمیں کافی ہیں ہمیں حرام چیزوں سے لطف اٹھانے کی ضرورت نہیں ہے۔

واللہ اعلم.